15-07-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS01

سرخیاں

۱۔مرکزی حکومت نے اتر پردیش میں 25 ہزار400  کروڑ روپے لاگتی  دو بڑے ایلیوئٹڈ کوریڈور پروجکٹس کو منظوری دی۔اس کے ساتھ سیمی کون 2.0 اور موبائل فون مینوفیکچرنگ اسکیم بھی شروع کی گئی۔

۲۔وزیرِ اعلیٰ ریونت ریڈی نے فیوچرسٹی میں ایمیزون ڈیٹا سنٹر کا سنگ بنیاد رکھا۔

۳۔ ہند۔ برطانیہ تجارتی اور سوشل سکیورٹی معاہدے نافذ ہو گئے، جس سے تلنگانہ کی برآمدات کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔

۴۔مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ووٹر رجسٹریشن کا عمل مکمل کریں تاکہ ووٹر فہرست سے نام حذف ہونے سے بچ سکیں۔

RAMCHANDER RAO:

بی جے پی کے ریاستی صدر این رام چندر راؤ نے کہا کہ ورنگل کے ممنور ایرپورٹ کی بحالی صرف وزیراعظم نریندر مودی کے عزم کی وجہ سے ممکن ہوئی۔انہوں نے بتایا کہ مرکزی حکومت نے حیدرآباد ایرپورٹ کے معاہدے میں موجود 150 کلومیٹر کی شرط سے چھوٹ حاصل کر کے ضروری این او سی حاصل کی۔انہوں نے کانگریس پر بلاوجہ کریڈٹ لینے کا الزام لگایا اور سوال کیا کہ جب 2011 میں فزیبلٹی اسٹڈی ہو چکی تھی تو یو پی اے حکومت اس ایرپورٹ کو کیوں شروع نہ کر سکی؟ انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے کہا کہ سیاسی بیانات دینے کے بجائے زمین کے حصول کا عمل جلد مکمل کریں۔

Desk

HARISH RAO

بی آر ایس کے ڈپٹی فلور لیڈر ٹی ہریش راؤ نے وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی پر الزام لگایا کہ انہوں نے 15 جولائی تک سرکاری ملازمین، اساتذہ اور پنشن یافتگان کو ہیلتھ کارڈ جاری نہیں کیے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت دو ماہ سے تنخواہوں اور پنشن سے ڈیڑھ فیصد پریمیم کاٹ رہی ہے لیکن نہ اسکیم شروع کی گئی اور نہ ہی نیٹ ورک اسپتالوں کے ساتھ رہنما اصول طے کیے گئے۔ ہریش راؤ نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر ہیلتھ کارڈ جاری کیے جائیں، وصول کی گئی رقم واپس کی جائے، ورنہ بی آر ایس احتجاج شروع کرے گی۔

DESK

TTD

ٹی ٹی ڈی کے ایڈیشنل ایگزیکٹو آفیسر سی ایچ وینکیا چودھری نے عقیدت مندوں سے اپیل کی کہ سری واری درشن، رہائش اور ارجیتا سیوا کی بکنگ صرف ٹی ٹی ڈی کی سرکاری ویب سائٹ سے کریں۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی غلط معلومات اور جعلی ویب سائٹس کے ذریعہ دھوکہ دینے والے دلالوں سے محتاط رہنے کی ہدایت دی۔ مستند معلومات کے لئے صرف سرکاری ذرائع اور ایس وی بی سی کا استعمال کریں۔ کسی بھی شکایت کے لئے کال سنٹر 155257 یا ٹی ٹی ڈی ویجلنس سیل 9866898630 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

Desk

KTR

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے ایم ایل اے اور سابق وزیر ویمولا پرشانت ریڈی کو نظر بند کئے جانے کی سخت مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ جمہوری حقوق کی خلاف ورزی ہے۔ پرشانت ریڈی کو بھیمگل میں اسپتال، آر ٹی سی ڈپو اور دیگر ترقیاتی کام مکمل کرنے کے مطالبہ پر ہونے والے پرامن احتجاج سے پہلے نظر بند کیا گیا۔ کے ٹی آر نے کانگریس حکومت پر اپوزیشن کو آمرانہ طریقوں سے دبانے کا الزام لگایا اور مطالبہ کیا کہ فوری طور پر یہ غیر قانونی نظر بندی ختم کی جائے تاکہ عوامی مسائل پر توجہ دی جا سکے۔

Desk

PM-CETA

وزیر اعظم نریندر مودی نے ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی و تجارتی معاہدہ (سی ای ٹی اے) اور سوشل سیکیورٹی معاہدہ کے بیک وقت نافذ ہونے کو دونوں ملکوں کے تعلقات میں ایک اہم سنگِ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ تجارتی معاہدہ ہندوستانی کسانوں، صنعت کاروں اور چھوٹے و درمیانی درجہ کے کاروبار (ایم ایس ایم ایز) کے لئے نئی منڈیوں کے مواقع پیدا کرے گا اور تکنالوجی و اختراع کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دے گا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سوشل سیکورٹی معاہدہ برطانیہ میں عارضی طور پر کام کرنے والے ہندوستانی پیشہ ور افراد کے لئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

NSD

YOUTH CONGRESS

آل انڈیا یوتھ کانگریس کے صدر اودے بھانو چھب نے تلنگانہ یوتھ کانگریس کے صدر شیوا چرن ریڈی کو وجہ نمائی نوٹس جاری کی ہے۔ یہ کارروائی ایک سینئر خاتون کانگریس لیڈر، مختلف ذاتوں اور برادری کے رہنماؤں کے خلاف مبینہ نامناسب ریمارکس پر کی گئی۔ شیوا چرن ریڈی کو دو دن کے اندر تحریری وضاحت پیش کرنے کی ہدایت دی گئی ہے، بصورت دیگران کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

Desk

CETA-HYD

ہندوستان اور برطانیہ کے درمیان جامع اقتصادی وتجارتی معاہدہ (سی ای ٹی اے) چہارشنبہ سے باضابطہ طور پر نافذ ہوگیا۔ اس موقع پر حیدرآباد اور نظام آباد سے برطانیہ کے لئے پہلی برآمدی کھیپ روانہ کی گئی۔ اس معاہدہ کے تحت درآمدی و برآمدی ٹیکس میں کمی اور کسٹمز کے عمل کو آسان بنایا گیا ہے، جس سے ہر طرح کے کاروبار کو فائدہ ہوگا۔ تلنگانہ نے 2025-26 میں برطانیہ کو 402.5 ملین ڈالر کی برآمدات کی تھیں۔ دواسازی، الیکٹرانکس اور زرعی شعبہ اس معاہدہ سے زیادہ فائدہ اٹھائیں گے جس سے سرمایہ کاری، روزگار اور برآمدات میں اضافہ متوقع ہے۔

DESK

PREZ-AYUSH

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت نے آیوروید اور یوگا کو عالمی سطح پر نئی پہچان دلائی ہے۔سشروتم 2026 پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آیوش وزارت، عالمی ادارہ صحت (ڈبلیو ایچ او) کے ساتھ مل کر جدید تحقیق اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ذریعہ آیورویدک علاج کو عالمی معیار کے مطابق فروغ دے رہی ہے، جس سے دنیا بھر میں آیوروید کی قبولیت مزید بڑھے گی۔ Sound Byte

NSD

CM-AMAZON

وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈی نے آج فیوچر سٹی میں ایمیزون ویب سروسس (AWS) کے ڈیٹا سنٹر کا سنگِ بنیاد رکھا۔اس موقع پر وزراء ڈی سریدھر بابو، جوپلی کرشنا راؤ اور وی سری ہری بھی موجود تھے۔وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ تلنگانہ کا ہدف سال 2034 تک ایک ٹریلین ڈالر اور سال 2047 تک تین ٹریلین ڈالر کی معیشت بننا ہے۔انہوں نے ایمیزون سے اپیل کی کہ وہ سال 2034 تک ایک لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کرے۔انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت ہر ماہ جائزہ اجلاس منعقد کرے گی تاکہ تمام سہولتیں بروقت فراہم کی جاسکیں۔ریونت ریڈی نے کہا کہ حیدرآباد کو آلودگی سے پاک عالمی شہر بنانے کے لیے میٹرو ریل کا جال بڑھایا جارہا ہے، موسیٰ ندی کی بحالی کا کام جاری ہے اور برقی گاڑیوں کے استعمال کو فروغ دیا جارہا ہے۔انہوں نے زمین فراہم کرنے والے مقامی کسانوں کی تعریف کی اور حکام کو ہدایت دی کہ انہیں مناسب معاوضہ اور روزگار کے مواقع فراہم کئے جائیں۔

DESK

REPORT

تلنگانہ ورکنگ جرنلسٹس ویلفیئر فنڈ کے بارے میں حالیہ رپورٹ میں بعض حقائق درست طور پر پیش نہیں کیئے گئے۔حکومت نے دسمبر 2023 میں ذمہ داری سنبھالنے کے بعد امدادی نظام میں اصلاحات کی ہیں تاکہ صحافیوں کو بروقت مدد فراہم کی جا سکے۔اب گورننگ کونسل کے اجلاس ہر تین ماہ بعد باقاعدگی سے منعقد ہوتے ہیں اور زیرِ التوا تمام اموات کی امداد کی درخواستوں کو نمٹا دیا گیا ہے۔شدید بیماری یا مستقل معذوری کی صورت میں مالی امداد پچاس ہزار روپے سے بڑھا کر ایک لاکھ روپے کر دی گئی ہے۔اس کے علاوہ جدید میڈیا کے رجحانات سے متعلق معیاری اور عملی تربیتی پروگرام بھی مختلف شعبوں کے صحافیوں کے لئے منعقد کیئے جا رہے ہیں۔

Desk

GHMC

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن (جی ایچ ایم سی) کے کمشنر آروی کرنن اور حیدرآباد پولیس کمشنر وی سی سجنار نے کے بی آر پارک کے اطراف مجوزہ یک طرفہ ٹریفک نظام کا جائزہ لیا۔دونوں عہدیداروں نے فلم نگر اور جوبلی ہلز روڈ نمبر 45 سمیت اہم مقامات پر تقریباً پانچ کلومیٹر پیدل چل کر ٹرائل کے دوران پیش آنے والے مسائل کا معائنہ کیا۔انہوں نے جہاں ضرورت ہو وہاں فوری طور پر سڑک چوڑی کرنے، پیدل چلنے والوں کی حفاظت کے لئے لین مارکنگ اور پیلیکن سگنلز لگانے کی ہدایت دی اور عوام سے تعاون کی اپیل کی تاکہ ٹریفک کی روانی بہتر بنائی جا سکے۔

DESK

RAJANNA SIRCILLA

سرکاری وہپ اور ویملواڑہ کے رکنِ اسمبلی آدی سرینواس نے اپنے کیمپ آفس میں سی ایم ریلیف فنڈ (سی ایم آر ایف) کے چیک مستحقین میں تقسیم کئے۔ انہوں نے ویملواڑہ شہر کے 37 مستحقین میں 13 لاکھ 57 ہزار روپے اور شہری منڈل کے 18 مستحقین میں 5 لاکھ 66 ہزار روپے کے چیک تقسیم کئے۔ سرینواس نے کہا کہ حکومت طبی ہنگامی حالات سے دوچار غریب خاندانوں کو بروقت مالی مدد فراہم کر کے ان کا بوجھ کم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔

PTC/RS

UNION CABINET

مرکزی کابینہ نے اتر پردیش میں وارانسی کے ٹریفک جام کو کم کرنے اور سفر کا وقت گھٹانے کے لئے 25 ہزار 400 کروڑ روپے لاگتی دو اہم ایلیویٹڈ کوریڈور پروجیکٹس کو منظوری دی۔ حکومت نے سیمی کنڈکٹر شعبہ کو فروغ دینے کے لئے سیمی کون 2.0 پروگرام بھی شروع کیا، جس کے تحت اس شعبہ کو مضبوط بنانے کے اقدامات کئے جائیں گے۔ اس کے علاوہ موبائل فون مینوفیکچرنگ اسکیم کی بھی منظوری دی گئی، جس کا مقصد ملک میں موبائل فون کی پیداوار بڑھانا اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ کابینہ نے اوڈیشہ اور جھارکھنڈ میں ریلوے کی دو ملٹی ٹریکنگ اسکیموں اور نیشنل انویسٹمنٹ پالیسی فار یوریا 2026 کو بھی منظوری دی تاکہ ملک میں گیس پر مبنی یوریا کی پیداوار میں خودکفالت حاصل کی جا سکے۔

NSD

BHADRADRI KOTHAGUDEM

ورلڈ یوتھ اسکلس ڈے کے موقع پر بھدراچلم میں منعقدہ ایک بیداری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے آئی ٹی ڈی اے کے پروجیکٹ آفیسر بی راہول نے قبائلی نوجوانوں سے کہا کہ وہ سرکاری ملازمتوں کا انتظار کرنے کے بجائے ہنر سیکھ کر خود روزگار اختیار کریں۔ انہوں نے بتایا کہ اس وقت 570 نوجوان مختلف مراکز میں مفت رہائشی تربیت حاصل کررہے ہیں۔ اس موقع پر کڑھائی اور سلائی کی تربیت مکمل کرنے والی 30 خواتین میں اسناد تقسیم کی گئیں، جبکہ تاملناڈو میں آئی ٹی ملازمتوں کے لئے منتخب نوجوانوں کو تقررنامے بھی دئے گئے۔

PTC/B.KGM

BANDI

مملکتی وزیر برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے عوام سے اپیل کی کہ وہ ایس ایس آر کے عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ ان کا حقِ رائے دہی محفوظ رہے۔ انہوں نے کریم نگر میں اپنے بوتھ لیول آفیسر کے پاس خود بھی ایس آئی آر فام داخل کیا اور کہا کہ اگر فارم بروقت جمع نہ کیا گیا تو پولنگ کے دن ووٹر لسٹ میں نام موجود نہ ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 24 جولائی کی آخری تاریخ سے پہلے اب تک صرف 50 فیصد فارم جمع ہوئے ہیں۔ انہوں نے خاص طور پر نوجوانوں سے کہا کہ وہ اپنے خاندان کی تفصیلات کی تصدیق کریں۔ بنڈی سنجے کمار نے یہ بھی الزام لگایا کہ بعض علاقوں میں ایک سیاسی سازش کے تحت ہندو ووٹروں کے نام ووٹر لسٹ سے حذف کرنے کی کوشش کی جارہی ہے اور عوام سے اس بارے میں بیداری پیدا کرنے کی اپیل کی۔

Desk/PTC/KMN

NALGONDA

ضلع کلکٹر نلگنڈہ بی چندر شیکھر نے بتایا کہ جواہر نوودیا ودیالیہ میں چھٹویں جماعت میں مفت رہائشی داخلے کے لئے آن لائن درخواستیں 31 جولائی تک قبول کی جائیں گی۔ درخواستیں ویب سائٹ سرکاری یا مسلمہ اسکولوں میں پانچویں جماعت میں زیر تعلیم طلبہ داخلہ امتحان کے اہل ہیں جو 28 نومبر کو منعقد ہوگا۔

PTC/NLG

○○